# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | جمعہ 19 اپریل 2024 | Islamabadpolice.gov.pk


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 55454 |
| ملازمین کا اندراج | 54450 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20837 |
| گمشدگی / برآمدہ | 14 |
| جنرل ویریفکیشن | 95117 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 80 |
| گرفتار ملزمان | 43 |
| یکسو چالان | 89 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 5071 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 10 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 2083 |
| سنگین خلاف ورزی | 661 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | ---- |
| لرننگ پرمٹ | ---- |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 4320 |
| بوگس کال | 3672 |
| ایمرجنسی رسپانس | 311 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 02 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 15 منٹ |

## کیپیٹل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلباء کے وفد کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ

**وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور اس کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں آگاہ کیا**



سی پی او سیف سٹی و ٹریفک کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل سیف سٹی اور ڈی ایس پی ٹیلی کمیونیکیشن نے کیپیٹل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلباء کے وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کروایا، وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا، وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس میں پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر، ای چالان سسٹم اور" پکار "15 ہیلپ لائن جیسے اقدام شامل ہیں، وفد کو شہر میں سیف سٹی کیمروں کی کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہر کی سلامتی، جرائم کے سدِ باب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جرائم کا 42 فیصد سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے حل کیا جاتا ہے، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، وفد نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا اور اس کامیاب دورے پر سی پی او سیف سٹی و ٹریفک اور ان کی ٹیم کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی لیڈی ہیڈ کانسٹیبل روبینہ شہباز اپنے خالق حقیقی سے جا ملی

**جن کی نماز جنازہ پولیس لائن ہیڈ کوارٹرز میں ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں سینئر پولیس افسران، دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران سمیت بڑی تعداد میں پولیس ملازمین نے شرکت کی، ڈی آئی جی سیکیورٹی ڈویژن نے مرحومہ کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا**







اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی لیڈی ہیڈ کانسٹیبل روبینہ شہباز ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہونے سے اپنے خالق حقیقی سے جا ملی، جن کی نماز جنازہ پولیس لائن ہیڈ کوارٹرز میں ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں سینئر پولیس افسران، دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و جوانوں سمیت بڑی تعداد میں پولیس ملازمین نے شرکت کی، ڈی آئی جی سیکیورٹی ڈویژن اور دیگر سینئر پولیس افسران نے پھولوں کی چادر چڑھائی، فاتحہ خوانی کی اور مرحومہ کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا، مرحومہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس سیکیورٹی ڈویژن میں تعینات تھی اور اپنے فرائض منصبی سرانجام دے رہی تھی، نماز جنازہ کے بعد مرحومہ کی میت کو تدفین کے لئے پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ انکے آبائی علاقے بھیج دیا گیا، ڈی آئی جی سیکیورٹی ڈویژن نے سینئر پولیس افسران کو متوفی کے اہلخانہ کو مکمل تعاون فراہم کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیس فورس کا ہر افسر اور جوان میرے لئے قیمتی اثاثہ ہیں، ان کے اہلخانہ کا ہر طرح سے خیال رکھا جائے گا۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 02 ہزار 164 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیو ں کی جانچ کی، جبکہ 12 مشکوک اشخاص اور 32 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 02 ہزار 164 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 556 مشکوک افراد، 1,608 موٹر سائیکل اور ایک گاڑی شامل ہیں، جبکہ 12 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 32 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں سمیت 14 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں سمیت 14 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے ملزم شکیل مسیح کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ ترنول پولیس نے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے اور پٹرول فروخت کرنے پر دو ملزمان طاہر رضا اور وقاص احمد کو گرفتار کرلیا، تھانہ سنگجانی پولیس نے ملزم نذیر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 210 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ نون پولیس نے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر ملزم عبدالمالک کو گرفتار کرلیا، تھانہ سبزی منڈی پولیس نے ملزم فاروق کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 2,130 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ کھنہ پولیس نے دو ملزمان محمد سفیان اور ارشد محمود کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 637 گرام چرس اور ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ بنی گالہ پولیس نے دو ملزمان عماد خان اور محمد لقمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے دو عدد تیس بور پستول برآمد کرلیے، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15' یا" آئی سی ٹی "-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے ڈکیتی کے دوران شہری کو قتل کرنے میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والے تین پستول معہ ایمونیشن اور موٹر سائیکل برآمد، ڈی آئی جی آپریشنز کی پولیس ٹیموں کو شاباش، ملزمان سے ٹھوس شواہد کی روشنی میں تفتیش مکمل کر کے چالان مرتب کرنے اور قرار واقعی سزا دلوانے کے احکامات جاری کیے**

اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے ڈکیتی کے دوران شہری کو قتل کرنے والے تین ملزمان ریاض خان، شیراز مسیح اور شفیق طاہر کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے تین پستول معہ ایمونیشن اور واردات میں استعمال ہونے والے موٹر سائیکل بھی برآمد کر لئے گئے، ملزمان نے سیکٹر ایف-15 میں ایک گھر میں گھس کر ڈکیتی کی تھی اور ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر بزرگ شہری محمد اجمل کو فائر کر کے قتل کیا تھا، جس پر ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے وقوعہ کا سختی سے نوٹس لے کر جلد ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کئے تھے، پولیس ٹیموں نے تمام تر وسائل بروئے کار لا کر ملزمان کو ٹریس کیا اور ان کی گرفتاری عمل میں لائی، گرفتار ملزمان کا تعلق انتہائی خطرناک ڈکیت گینگ سے ہے جو درجنوں وارداتوں میں ملوث ہیں، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور سنسنی خیز انکشافات کی توقع ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے ڈکیت گروہ کی گرفتاری پر پولیس ٹیموں کو شاباش دی، انہوں نے تفتیشی ٹیم کو احکامات جاری کیے کہ وہ ملزمان سے ٹھوس شواہد کی روشنی میں تفتیش مکمل کر کے چالان مرتب کریں اور ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– 15" یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع کریں۔




# تھانہ رمنا اور ہومی سائیڈ یونٹ پولیس ٹیموں نے خاتون کے اندھے قتل میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے انکشاف و نشاندہی پر آلہ قتل پستول اور واردات میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل بھی برآمد کرلیا، ملزم کے خلاف مقدمہ درج ہے، مزید تفتیش جاری ہے**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، مورخہ یکم اپریل 2024 کو تھانہ رمنا پولیس کو ایک خاتون اسم و مسکن نامعلوم کی نعش ملی، جس کی بعد میں شناخت فرینہ یاسمین کے نام سے ہوئی، جس کو نامعلوم ملزم نے اسلحہ آتشین سے سر میں فائر مار کر قتل کیا تھا، پولیس نے نعش بعد از پوسٹمارٹم ورثاء کے حوالے کر دی، پولیس نے مقدمہ نمبر 285 مورخہ 02 اپریل 2024 کو درج رجسٹر ڈ کر کے تفتیش شروع کر دی، ڈی آئی جی آپریشنز نے وقوعہ کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے اس وقوعہ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے، تھانہ رمنا اور ہومی سائیڈ پولیس ٹیموں نے جدید تکنیکی اور سائنسی تقاضوں پر تفتیش کرتے ہوئے اس سنگین نوعیت کے وقوعہ میں ملوث ملزم محمد رضا کو گرفتار کرلیا، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے مقتولہ کو اسلحہ آتشین سے سر میں فائر مار کر قتل کرنے کا انکشاف کیا، گرفتار ملزم کے انکشاف و نشاندہی پر آلہ قتل پستول اور واردات میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل بھی برآمد کرلیا گیا، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ جرائم، تشدد اور قتل کے واقعات کے انسداد کے لئے اسلام آباد کیپیٹل پولیس بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لا رہی ہے، ایسے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے قرار واقعی سزا دلوا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور ملزم کو ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کیا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ "پکار–"15 یا " آئی سی ٹی "-15 ایپ پر فوراً اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے تعاون سے معاشرے کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔




## تھانہ بنی گالہ اور تھانہ سہالہ پولیس نے گاڑی چوری اور راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہوں کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا




ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ سہالہ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت محمد ریاض اور علی رضا کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ سہالہ کے علاقے میں وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ بنی گالہ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے کار چوری میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ کار برآمد کرلی گئی، گرفتار ملزم کی شناخت گلفام کے نام سے ہوئی ہے، گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– 15 "یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع کریں۔



# اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ کھنہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن

**سرچ آپریشن کے دوران 33 گھروں، 10 گاڑیوں، 15 موٹرسائیکلوں اور 41 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشن کا مقصد وفاقی دارالحکومت کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانا اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کرنا ہے**







ایس پی سی ٹی ڈی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ کھنہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 33 گھروں، 10 گاڑیوں، 15 موٹرسائیکلوں اور 41 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا جبکہ 08 مشکوک افراد، غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن اور منشیات کو تھانہ کھنہ منتقل کیا گیا، ایس پی سی ٹی ڈی نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، "پکار– 15" یا "آئی سی ٹی 15-" ایپ پر اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

# گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار-15" پر 04 ہزار 320 کالز موصول ہوئیں، جن میں 03 ہزار 672 غیر متعلقہ کالز تھیں


**جو کہ کل کالز کا 85% فیصد ہے، "پکار– 15" ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جا سکتی ہے، جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے**

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار–15" وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو بروقت خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، "پکار– 15" ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جا سکتی ہے، سیف سٹی میں "پکار–15" کال سینٹر موجود ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے، ان میں پولیس، فائر بریگیڈ، ایمبولینس سہولت شامل ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ''پکار-15" ہیلپ لائن پر 04 ہزار 320 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 03 ہزار 672 غیر متعلقہ کالز تھیں جو کہ کل کالز کا 85% فیصد ہے پولیس کی فوری مدد کے لئے 311 کیسز رجسٹرڈ کیے گئے جن میں مختلف نوعیت کی کالز اور اطلاع تھی جن پر بروقت ایمرجنسی دستوں کو بھیجا گیا، 85% فیصد جھوٹی اور غیر ضروری کالز سے نہ صرف پولیس کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ ایمرجنسی میں کسی کی مدد میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جو جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ "پکار–15" ہیلپ لائن آپ کی سہولت کے لیے ہے اور اس کا صحیح استعمال بھی آپ کی ذمہ داری ہے، ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں جو جھوٹی اطلاع یا کال کر کے پولیس کا وقت ضائع کرتے ہیں۔

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا پریشر ہارن اور دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

**دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کو مزید سخت اور موثر بنانے کیلئے تشکیل دیے گئے خصوصی پولیس دستوں کو مزید فعال کرنے کا فیصلہ، وفاقی دارالحکومت کو ماحولیاتی اور شور کی آلودگی سے پاک کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے**

ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک کی خصوصی ہدایات پر وفاقی دارلحکومت اسلام آباد کو ماحولیاتی آلودگی سے پاک کرنے کے لئے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جانب سے پریشر ہارن اور دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کو مزید سخت کر دیا گیا ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا دھواں چھوڑنے اور پریشر ہارن والی گاڑیوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں، اس ضمن میں تمام زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی ہدایات جاری کی گئیں ہیں اور خصوصی دستوں کو مزید فعال کر دیا گیا ہے، جو اسلام آباد کے اہم مقامات اور شاہراؤں پر تعینات ہیں، یہ دستے پریشر ہارن اور دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں کر رہے ہیں، پریشر ہارن اور دھواں چھوڑنے والی گاڑیاں انسانی صحت کے لئے خطرناک ہے اور شہریوں کے لئے وبال جان ہیں ان کے خلاف کارروائی کر کے اسلام آباد کو ماحولیاتی اور شور کی آلودگی سے پاک کرنا اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔




# سیف سٹی ای چالان سسٹم ٹریفک قوانین کے نفاذ میں موثر کردار ادا کر رہا ہے

جس سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 56 ای چالان ٹکٹس جاری، اب تک کل 02 لاکھ 64 ہزار سے زائد ای چالان ٹکٹس جاری کئے جا چکے ہیں، شہری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں، تاکہ حادثات میں روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے بین الاقوامی معیار کے مطابق وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں ای چالان سسٹم کے تحت ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 56 ای چالان ٹکٹس جاری کیے ہیں، اب تک ٹریفک قوانین کی مختلف خلاف ورزیوں پر کل 02 لاکھ 64 ہزار 672 ای چالان ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے قانون شکنوں کیخلاف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ سے لنک ڈیٹا بیس کی مدد سے خصوصی قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے، جس کے تحت قانون شکنوں کو ان کے موبائل نمبرز پر ای چالان ٹکٹ کا پیغام ارسال کیا جاتا ہے، ای چالان سسٹم کی موثر حکمت عملی کی وجہ سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جاری شدہ چالان ٹکٹس گاڑی اور موٹرسائیکل مالکان کے گھر بھی ارسال کئے جا رہے ہیں، جرمانے کی رقم مقررہ وقت پر ادا نہ کرنے پر چالان کی کاپی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس میں گاڑی کی ماسٹر فائل میں چسپاں کی جا رہی ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ چالان کے بقایا جات کو ادا نہ کرنے والے گاڑی مالکان جب تک جرمانے کی رقم ادا نہیں کرتے اس وقت تک گاڑی یا موٹرسائیکل کسی دوسرے شخص کے نام منتقل نہیں کیا جا سکے گا جبکہ جرمانے کی رقم ادا کرنے کے لئے شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہوئے مختلف موبائل اور بینک اکاؤنٹس کی سہولت فراہم کی گئی ہے، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سیف سٹی ای چالان سسٹم سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہو رہے ہیں اور ای چالان سسٹم کے تحت بہترین مانیٹرنگ کے باعث مہلک حادثات اور دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی کے کیمروں کے ذریعے کئے جانے والے چالان کے جدید نظام کو مزید بہتر اور موثر بنایا جا رہا ہے اس نظام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے حادثات کی روک تھام کو یقینی بناتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔

Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
Islamabad Police | FRIDAY APRIL 19, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk

| PUCAR -15 | | TRAFFIC | | CRIME | | TECHNOLOGY | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Emergency Call | 4320 | Traffic Fine Ticket | 2083 | Total Crime Registered | 80 | Tenant Registration | 55454 |
| Hoax Call | 3672 | Major Violation | 661 | Accused Arrested | 43 | Employee Registration | 54450 |
| Emergency Response | 311 | Fatal Accident | ---- | Challan Submitted in Court | 89 | Vehicle Verification | 20837 |
| Minimum Response Time | 02 Min | Driving License | ---- | Stop & Search | 5071 | Lost & Found Reports | 14 |
| Maximum Response Time | 15 Min | Learner Permit | ---- | P.O / C.O Arrested | 10 | General Verification | 95117 |

## Delegation of CUST students visits the Safe City Islamabad

According to the details, following the special directives of the CPO Safe City/Traffic, the Deputy Director Technical and DSP Telecommunications welcomed the delegation of CUST University at Safe City Islamabad, a public relations officer said. He said that the delegation visits the command and control center, the data hub unit, modern technology-equipped cameras, and the police operations center hall. They were fully briefed about the procedures and advantages of this project. Furthermore, the student delegation was informed that Safe City Islamabad is playing a significant role in various departments through modern techniques, including the Police Operations Center, Emergency Control Center, Data Hub Unit, Dispatch Control Center, E-Challan System, and the "Pucar-15" helpline. The delegation was also apprised of the functionality and benefits of the Safe City cameras in the city. The modern cameras of Safe City are playing a crucial role in ensuring the safety of the city, preventing crimes and safeguarding the lives and property of citizens. 42% of crimes are resolved through the Safe City Command and Control Center. Face recognition cameras have been installed at the entry and exit points of the city which are playing an important role in identifying suspicious elements, he maintained. The delegation acknowledged the modern technical system of the Islamabad Capital Police and its benefits. The delegation expressed special gratitude to CPO Safe City/Traffic and his team for this successful visit.



## Funeral prayer of Islamabad Capital Police Lady Head Constable Offered

According to the details, the funeral prayer of Lady Head Constable Rubina Shehbaz was offered at Police Lines Headquarters. DIG Security Division Awais Ahmad Malik, senior police officers, law enforcement department officials and a large number of police officials offered the funeral prayer. Lady Head Constable Rubina Shehbaz was posted at the security division of Islamabad Capital Police. She suffered a road accident and could not survive and was reunited with his real Creator. A smart contingent unit of the police force presented a guard of honor, and the DIG Security division draped the coffins with flower wreaths. The DIG Security division condoled with the family of the deceased and said that Islamabad Capital Police stands with the bereaved family and will take care of them in every possible way. He also issued orders to the senior police officers to provide full support to the family of the deceased, saying that every officer and officials of the police force is a valuable asset for me, their families will be taken care of in every way.



## Islamabad Capital Police Dolphin Squad playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 2,164 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 556 pedestrians and 1,608 motorcycles during the special and snap checking, out of which 12 suspicious individuals and 32 motorcycles were shifted to various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. "Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens".

# 14 outlaws arrested; drugs and weapons recovered

Islamabad Capital Police apprehended 14 outlaws including three professional baggers from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Aabpara police team arrested an accused namely Shakeel Masih and recovered 20 liters of liquor from his possession. The Tarnol police team arrested two accused namely Tahir Raza and Waqas Ahmed involved in illegally refilling gas cylinders and petrol selling. Likewise, the Sangjani police team arrested an accused namely Nazir Ali and recovered 210 gram hashish from his possession. The Noon police team arrested an accused namely Abdul Malik involved in illegally refilling gas cylinders. Similarly, the Sabzi Mandi police team arrested an accused namely 2130 gram hashish from his possession. The Khanna police team arrested two accused namely Muhammad Sufyan and Arshad Mehmood and recovered 637 gram hashish and one 30 bore pistol from his possession, while police team arrested an accused namely Razaq Shah involved in illegally refilling gas cylinders. Moreover, the Bani Gala police team arrested two accused namely Aamad Khan and Muhammad Luqman and recovered two 30 bore pistols from their possession. During the ongoing crackdown against professional beggars, the Islamabad Capital Police arrested three professional baggers and registered cases against them under the beggar act. DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari, directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. “Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard”, he maintained.

# Three dacoits involved in citizen murder arrested; weapons recovered




According to the details, the Islamabad Capital Police arrested three notorious dacoits involved in a citizen murder case and recovered a motorcycle and weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that, the arrested accused had entered a house in Sector F-15 and committed a robbery and during the robbery shot and killed an elderly citizen namely Muhammad Ajmal on resistance. Upon which DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari took strict notice of the incident and directed the officials to ensure the arrest of the accused. Following these directions, the police team used technical and human resources and succeeded in apprehending three accused namely Riaz Khan, Sheraz Masih and Shafique Tahir and recovered a motorcycle and three pistols from their possession. The accused belong to a notorious dacoit gang. DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari appreciated the performance of the police team and further directed the officials for effective investigation and submission of challan in relevant courts for sending the accused behind the bars under concrete evidence. Citizens are also urged to cooperate with the Islamabad Capital Police and to report any suspicious activity on the emergency helpline "Pucar-15” or at ICT-15 app.

# Ramna and homicide unit police teams arrested accused involved in blind murder case




According to the details, the Islamabad Capital Police Ramna police station and Homicide Unit police teams have arrested an accused involved in a blind murder case, and recovered murder tool and motorbike used in crime from his possession, a public relations officer said. He said that, On April 01, 2024, the Ramna police team found the body of an unidentified woman, who was later identified as Farheena Yasmeen, who was murdered by unknown accused with a weapon. The police team conducted a post-mortem and handed over the dead body to the relatives. Upon which a FIR no 285/24 was registered. Following this incident, a special investigation team was constituted. DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, took strict notice of the incident and issued orders for the arrest of the accused involved in it. The police team utilized all available resources and used technical and scientific methods and arrested an accused namely Muhammad Raza and recovered a pistol and motorbike used in crime from his possession, while further investigation is underway. DIG Operations directed all senior officials for an effective crackdown against the accused involved in criminal activities and to ensure the safety of lives and property of citizens on a priority basis. He said that the Islamabad Capital Police adopts a zero-tolerance policy against violence, including injustices and crimes, and the accused involved in it will be brought to justice by taking strict legal action against them. Citizens are also urged to cooperate with the Islamabad Capital Police and to report any suspicious activity on the emergency helpline "Pucar-15” or at ICT-15 app.

## Three members of criminal gangs held; stolen vehicle and weapons recovered




Islamabad Capital Police Bani Gala and Sihala police teams arrested three wanted members of a car lifter and snatcher gang involved in numerous snatching and vehicle theft activities and recovered a stolen car and weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Sihala police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of a snatcher gang involved in numerous snatching activities. The accused were identified as Muhammad Riaz and Ali Raza. Police team also recovered weapons used in crime from their possession. Similarly, the Bani Gala police team used technical and human resources and succeeded in apprehending a wanted member of a car thief gang involved in car theft activities. The accused was identified as Gulfam. Police team also recovered a stolen car from his possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway.



# Search and combing operation conducted at Khanna Police Station jurisdiction



Islamabad Capital Police Counter Terrorism Department (CTD) conducted a search and combing operation at Khanna police station jurisdiction, a public relations officer said. He said that, following the special directives of SSP Counter Terrorism Department Islamabad, the search and combing operations are being conducted in different areas of the city, to ensure the safety and security of the Islamabad citizens. Following these orders, a search and combing operation was conducted in different areas of Khanna police station by CTD and local police teams. During the search and combing operation 41 suspicious persons, 33 houses, 15 motorcycles and 10 vehicles were thoroughly checked while the police team also shifted 08 suspicious persons to the Police station for further verification purpose. SSP CTD said that, the purpose of the search and combing operations was to heighten the security in the federal capital. All zonal officers were directed to continue these operations in their respective areas. Citizens are also requested to cooperate with police during the checking.

# Strict action against smoke emitting vehicles continues

Islamabad Capital Police has intensified action against smoke emitting and pressure horns vehicles for the purpose of environmental protection, a public relations officer said. He said that, following the special directions of the SSP Traffic Muhammad Sarfraz Virk, the Islamabad capital police have intensified the crackdown against vehicles causing environmental pollution and using pressure horns. In this regard all Zonal DSPs have been directed to take stern action against vehicles involved in polluting the environment. Mobile squads of Islamabad Capital Police have been formed to implement the campaign against the smoke-emitting vehicles. These squads patrol in various areas and important boulevards of the city and are directed to take legal action against those vehicles involved in noise and smoke pollution. Special squads had been constituted as per the directions of SSP Traffic in order to conduct regular checking and issued fine tickets against vehicles involved in noise or other environmental pollution in the city.



The purpose of this whole practice is to provide a clean environment to citizens and to ensure safety of their health.

# Pucar-15 helpline received 3,672 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 4,320 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 4,320 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,672 calls were hoax and irrelevant to police which make up 85% of all calls. Senior police officers took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. They urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

# Social Media Corner Islamabad Police

**Islamabad Police**
@ICT_Police

اسلام آباد کیپیٹل پولیس بغیر نمبر پلیٹ اور غیر نمونہ و فینسی نمبر پلیٹ والی گاڑی و موٹرسائیکلز کے خلاف قانونی کارروائیاں عمل میں لارہی ہے۔

#ICTP #IslamabadPolice

Translate post




**Islamabad Police**
@ICT_Police

اسلحہ کے بنیادی استعمال اور لائسینس کے لئے ضروری 2 روزہ ویپن ہینڈلنگ کورس کا انعقاد ہر ہفتے کیا جاتا ہے۔ جس میں شرکاء کو اسلحہ کے بنیادی استعمال کے متعلق تربیت دی جاتی ہے۔

مزید تفصیلات اور داخلے کے لیے دئیے گئے نمبرز پر رابطہ کریں۔

0519259384
03349189174
#ICTP #IslamabadaPolice




**Islamabad Police**
@ICT_Police

تھانہ کوہسار کے علاقہ مارگلہ روڈ پر ٹریفک حادثہ میں نوجوان کے جاں بحق ہونے کا معاملہ۔

حادثہ نوجوان کی غلطی تھی۔

سرخ سگنل کراس کرنے کی وجہ سے نوجوان کے ساتھ حادثہ پیش آیا۔

تمام ترشواہد کی روشنی میں حادثہ کی تحقیقاتی رپورٹ مرتب کی گئی۔

وقوعہ پر رپورٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے ضابطہ کی کارروائی عمل میں لائی گئی۔

#ICTP

Translate post

